نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے سبزیات کی دیکھ بھال کے لئے ہدایات جاری کر دیں

لاہور25 جنوری2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سبزیوں کے کاشتکار آبپاشی کا وقفہ کم کر دیں اور پانی کم مقدار میں لگائیں۔چھوٹی نازک سبزیوں کو سردی سے بچانے کے لئے رات کے وقت پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپ دیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار آلو کی فصل کا معائنہ کرتے رہیں۔آلو کے پچھیتے جھلساؤ یا کسی بھی دوسری بیماری اور کیڑوں کے حملہ کی صورت میں محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب زہروں کا سپرے کریں۔بیج کے لئے آلو کی مخصوص فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔وائرس سے متاثرہ اور دوسری اقسام کے پودوں کو احتیاط سے اُکھاڑ کر زمین میں گڑھا کھود کر دبا دیں۔اچھی طرح تیار فصل کی برداشت کریں اور ایسا کرتے وقت احتیاط ملحوظِ خاطر رکھیں کہ آلو پر زخم نہ آئے